سوال

(179)جبریہ۔قدریہ کون ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جبریہ۔قدریہ کون ہیں۔ان میں سے صحیح مذہب کیا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جبریہ اس فرقے کوکہتے ہیں۔جوانسان کے افعال میں مجبور محض کہتے ہیں۔اورقدریہ اس کوکہتے ہیں۔جوتقدیرالٰہی کے منکرہیں۔یہ لوگ کہتے ہیں کہ انسانی افعال میں خداکی تقدیرکودخل نہیں۔اہل سنت کے تمام فرقے ان دونوں فرقوں کے درمیان درمیان ہیں۔وہ کہتے ہیں۔الٰہی تقدیرکے ماتحت انسان فاعل مختارہے۔خداکا عم جوجمیع کائنات کوشامل ہے۔اس کانام تقدیرہے۔جوکام جس طرح علم الٰہی میں آیاہے۔ویساہی ہوگا۔اوراس کوانسان مثل پتھرکے بے حس اوربے ارادہ نہیں ہے۔بلکہ زی حس اورزی ارادہ ہے۔اوریہ حس بھی خدانے اس کودی ہے۔انا ھدینا والی آیت بھی بتاتی ہے۔کیونکہ اس میں زکرہے کہ خدانے ہرایک انسان کونیک وبدکی راہ سمجھادی ہے۔اس کے بعدوہ اپنے ارادے سے یاتوشکرگزارہے یاناشکرہ ماتشائون کے معنی یہ ہیں۔کہ جب تک خداکی طرف سے کسی کام میں تم کومدد نہ ملے تم کامیاب نہیں ہوسکتے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص369

محدث فتویٰ